Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ شعبان سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	عطاء اختیارات تحصیلدار شاہ آباد	۱
۲	رضا نذر جنگ صاحب قرشی	۲
۳	رخصت نائب منصرم خانہ خیرات ومحافظ دفتر صدر	"
۴	تقرر صاحبزادہ سید سعادت یار خان بہادر بعہدہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری	"
۵	تقرر منشی آغا نواب بجائے جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری	"
۶	تبادلہ سردار ولی خان و سید عطاء الحق سب انسپکٹران پولیس	"
۷	مستقلی منشی عبد العزیز سب انسپکٹر پولیس	"
۸	بابت انتظام مزید رخصت المیعادی	"
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایونی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عطاء اختیارات

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ بوجہ بُعد مسافت تحصیل شاہ آباد و حائل ہونے دریائے رام گنگا منشی یوسف علیخان تحصیلدار شاہ آباد کو جو کام سے واقف ہوگئے ہیں اور انکا کام اچھا ہے خاص طور پر اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول امتحاناً چھ ماہ کیواسطے عطا فرمائے گئے۔

اضافہ

۷ اپریل ۱۹۲۳ء

بملاحظہ رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج — سید جعفر علی پیشکار افواج جی کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۷ اپریل ۱۹۲۳ء

بملاحظہ رپورٹ سید علی اکبر صاحب مہتمم خاصہ — مزید رخصت دو ماہ سید عزادار حسین صاحب منصرم [illegible] خانہ بضرورت انتظام شادی - و مزید رخصت یک ماہ سید اکبر حسین محافظ دفتر صدر بوجہ آشوب چشم منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حکم ہوا کہ

بنظر مناسب —

صاحبزادہ سید سعادت یار خان بہادر بشاہرہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر کئے جائیں - احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حکم ہوا کہ

بنظر مناسب —

منشی جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری خدمات متعلقہ سے سبکدوش کئے جائیں -
اور بجائے انکے منشی آغا نواب محافظ دفتر فوجداری بشاہرہ [illegible] روپیہ و [illegible] ہارس الاؤنس انسپکٹر آبکاری مقرر ہوں - صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل

۹ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس عطاء الحق سب انسپکٹر انچارج جی [illegible] افسر دیلی کوتوالی پر تبدیل ہوئے - اور سردار ولی خان سب انسپکٹر افسر دو مرچہ کے واسطے انچارج میں پر تعینات کئے گئے - دس روپیہ ماہوار الاؤنس جو عطاء الحق کو ملتا تھا وہ سردار ولی خان کو ملیگا -

مستقلی

۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - عبدالصمد سب انسپکٹر دوم [illegible] تھانہ [illegible] ختم میعاد سے مستقل کئے گئے -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

اشفاق حسین خان اہلمد جی کی ایک مہینہ کی رخصت [illegible] منظور ہو کر ایام رخصت اہلمد مذکور میں خلعت علی خان نقلنویس دیوانی کے کام سپرد کیا گیا تھا اسکے بعد منصرم جی کی درخواست پر انکو رخصت ایکسال نصف تنخواہ حسب انتظام روبکار مورخہ ۲۷ مارچ ۱۹۲۳ء منظور کیگئی تھی اور یہ لکھدیا گیا تھا کہ بعد رخصت منظور [illegible] بعد واپسی اشفاق حسین خان اہلمد کو ہوگا اشفاق حسین خان اہلمد کو اپنی رخصت ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو حاضر ہوجانا چاہئے تھا لیکن اہلمد مذکور نے اب یہ درخواست مزید رخصت دو ماہ بوضع تنخواہ پیش کی ہے دریافت سے معلوم ہوا کہ منصرم جی بحصول اجازت صاحب جج بہادر ۸ اپریل ۱۹۲۳ء کو چلے گئے جو کہ خلعت علی خان نقلنویس مذکور کو جو زمانہ رخصت یکماہ اشفاق حسین خان کے کام کر رہا تھا اسکی نسبت بسلسلہ انتظام رخصت منصرم جی دوسرا کام [illegible] کی تجویز ہوچکی ہے اسلئے اہلمدی دیوانی پر دوسرے انتظام کی ضرورت ہے محمد یونس خان اپرنٹس جی جو فی الحال بجائے ولایت حسین خان اہلمد عدالت جج [illegible] کام کر رہا ہے اور ولایت حسین خان اہلمد کی حاضری غالباً ۱۵ اپریل سنہ حال کو ہوتی ہے لہذا محمد یونس خان مذکور بعد ختم رخصت ولایت حسین خان کے عدالت ججی میں حاضر ہوکر بجائے اشفاق حسین خان اہلمد جی کے کام کریں اشفاق حسین خان کی تنخواہ سے پندرہ روپیہ ماہوار محمد یونس خان کو [illegible] اور بقیہ دس روپیہ اشفاق حسین خان کی تنخواہ کے [illegible] رخصت دو ماہ [illegible] اہلمد جی کی بوضع تنخواہ حسب صراحت بالا منظور کی جاوے اور چونکہ محمد یونس خان مذکور کی حاضری عدالت ججی میں چند روز کا وقفہ ہے لہذا اس چند روزہ غیر حاضری کے زمانہ محمد یونس خان اپرنٹس [illegible] خلعت علی خان نقلنویس بدستور کام کریں بعد حاضری محمد یونس خان کے وہ اشفاق حسین خان کی اہلمدی کا کام کریگا - حکم ہوا کہ [illegible] حسب تجویز بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایتہ ۱۵ ر اپریل ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۸ار	۸ ۸ار ۰		۶ ۸ار		۸ ۸ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ ۸ار	۱۲ ۸ار		۱۳ ۸ار		۱۳ ۸ار	
نخود کستہ آمیز	۱۲ ۸ار	۱۳ ۸ار		۱۴ ۸ار		۱۵ ۸ار	
کسہ	۱۴ ۸ار	۱۴ ۸ار		۱۵ ۸ار		۱۶ ۸ار	
ماش	۸ ۸ار	۷ ۸ار		۸ ۸ار		۹ ۸ار	
مونگ	۹ ۸ار	۰		۸ ۸ار		۸ ۸ار	
مکا	۹ ۸ار	۰				×	
جئی	۱۳ ۸ار	۱۶ ۸ار		۱۰ ۸ار		۱۶ ۸ار	
کوجئی	۱۲ ۸ار	۰		۸ ۸ار		۱۱ ۸ار	
عدس	۱۲ ۸ار	۱۰ ۸ار		۱۰ ۸ار		۱۴ ۸ار	
رہر	۰	۰		۱۰ ۸ار		۱۲ ۸ار	
برنج	۹ ۸ار	۳ ۸ار		۷ ۸ار		۵ ۸ار	
روغن زرد	۲ چٹانک	۶ چٹانک		۱۱۱ ار		۱۲ ار	
روغن سیاہ	۱۰ ۸ار	۱۰ ۸ار		۱ ۸ار		۱۰ ۸ار	
روغن کنجد	۰	۱ ۸ار		۲ ۸ار		یک سیر	
نمک سانبھر	۶ ۸ار	۷ ۸ار		۶ ۸ار		۸ ۸ار	
نمک لاہوری	۵ ۸ار	۷ ۸ار		۵ ۸ار		۷ ۸ار	
قند سیاہ	۸ ۸ار	۴ ۸ار		۵ ۸ار		۵ ۸ار	
سبزہ	×	×		۰		×	